بمل رائے پروڈکشنز کا تیار کردہ

اپرادھی کون

अपराधी कौन

(اداکاران:- مالا سنہا۔ ابھی بھٹاچاریہ اور جاگیردار وغیرہ۔

رتن اینڈ کو تاجران کتب دریبہ کلاں دہلی۔

خلاصہ:- لقوہ کے شکار دینا ناتھ کئی سال بعد جوت پور میں اپنے باپ کی زمیندار کے مکان پر پھر لوٹے۔ زمیندار کی بے انصافی اور ظلم کے خلاف آواز اٹھانے کے باعث انہیں جائیداد سے بے دخل کر دیا گیا تھا۔ چھوٹا بھائی شری ناتھ بڑے بھائی دینا ناتھ کو جیتا جاگتا لوٹا دیکھ کر حیران تھا۔ بات دراصل یہ تھی کہ شری ناتھ جو باپ کی زمینداری کا مالک بن بیٹھا تھا جو غیر قانونی تھا۔ (آگے پردہ پر دیکھیں۔)

نمبرا۔ لا - لا - لا

میرا دل دل دل دل ڈولا
دل لے کر کدھر چلا
تیرے دل سے میرے دل کا۔ ابھی ہونا ہے فیصلہ
دل تجھ سے لگا کے مجھ پہ یہ بھرم کھُلا
جو ہیں باتیں بناتے ایسوں سے نہ دل ملا
بل مت کھلے۔ بل مت کھلے۔ اوروں پہ جادو چلا
پھر جائے مچل نہ بل آخر ہے دل میرا
پھر جائے مچل نہ دل آخر ہے دل تیرا ہوئے۔
بل مت کھلے۔ بل مت کھلے۔ جلتے کو اب نہ جلا۔

نمبر ۲

لڑکا :- ہیں پیار کے دو متوالے (ہوں ہوں)
اک ہم ہیں اور اک تم - اور تم بھی کیا .
لڑکی :- اب رہ گئے دو دل والے
اک ہم ہیں اور اک تم - اور تم بھی کیا
لڑکا :- ارے مانا تو ہے دلبر - مجھ سے ہوں بڑھکر یہ تھا سادہ
لڑکی :- تیری نگاہیں تو یہ تباہیں - بڑا اکھوٹا تیرے اندر
لڑکا :- دیکھنے میں تو بھولے بھالے اک ہم ہیں اور اک تم
لڑکی :- اور تم بھی کیا - اب رہ گئے دو دل والے (ہاں ہاں)
اک ہم ہیں اور اک تم لڑکا :- اور تو بھی کیا
لڑکی :- تیرا بھی جواب نہیں میرا بھی جواب نہیں
کاہے کو جھگڑا اٹھیے جی -
لڑکا :- اجی اک نظر سے دو جے کو دیکھ نہیں - اور کوئی مرجی
لڑکی :- اک آنکھ سے دیکھنے والے (اوں - اوں)
اک ہم ہیں اور اک تم - لڑکا :- اور تو بھی کیا .
ارے سن ہمارے پیار سے
سپنوں کی گھوڑا گاڑی میں بیٹھ اڑا لے آنچل

لڑکی :- تم بھی کیا ۔
لڑکا :- تم بھی کیا ۔

نمبر ۳

بات کوئی مطلب کی ہے ضرور
نہیں تو اب آتے ادھر حضور
کیوں ہو جی گھبرائے ۔!!!
سر جھکائے ۔ شرمائے !!!
ہم غریبوں میں آئے ۔!
تھا نہیں تو ضرور
کچھ کرتے اور کچھ کہتے
ہم کبھی ایسے نہیں تھے ۔!!
ہاں جی اُلٹے نہیں تھے ۔!
دلبری کے نشے میں چور !!
کوئی جیتے ۔ کوئی مر رہے
یہ تو دنیا ہے پیارے !!
پاس تو آؤ ہمارے ۔!
کاہے کو بیٹھے ہو اتنی دور ۔ بات کوئی...

نمبر ۴

کوئی دیکھے تو کہے - مجھ کو کہیں دیوانہ - نہ
چھوڑ دے بیّاں - بلموا نہ - نہ - نہ
کچھ بھی جی اونہ ہوں - بے کار نہ دیکھو -
جلنے دو جلنے دو - میرا راستہ نہ روکو
آدھی رتیاں، سویا زمانہ اور یہ تیرا ہم کو ستانا
لاج کی ماری پڑے ہم کو کہیں مر جانا نہ
چھوڑ دے بیّاں بلموا نہ - نہ -
مان بھی جا سیّاں نہ کر تا جا اشارے -
کھڑکی سے دیکھے نہ کہیں چاند ستارے
آدھی رتیاں - سویا زمانہ - اور یہ ترا ہم کو ستانا
ایسی باتوں کا بنا ڈالے - کوئی افسانہ نہ
کوئی دیکھے تو کہے دیوانہ نہ
آؤں گی پھر سیاں بندی ہوں تیری
الجھی ہے دل سے یوں تیرے نینوں کی ڈوری
آدھی رتیاں سویا زمانہ - اور یہ تیرا ہم کو ستانا -
یوں نہ ہو بے کل - ملیں گے کل بلم - گھبرانا نہ -

پھر وہی بات ہے۔ پھر وہی ڈر
ہم سمجھے غم گیا سفر۔ دوار دل کا کھل گیا۔ ہاتھی نکل گیا
دُم رہ گئی مگر۔
ہم تو سمجھے دشمنوں کا ہاتھ کٹ گیا۔ دو دل کے بیچ سے پہاڑ ہٹ گیا
غم کے بھاری دن سے گئے گذر
دوار دل کا کھل گیا۔ ہاتھی نکل گیا
دُم رہ گئی مگر۔
تو دلہن بنے گی او، چھیڑے گی راگنی
آئی پیا رکی مدھر ملن کی حیا ندلی
لیکن تھوڑی رہ گئی کسر۔!!
دوار دل کا کھل گیا۔ ہاتھی نکل گیا
دم رہ گئی مگر۔!!!
میں نے چاہا بھول جاؤں کیوں رہوں خراب
پر تیرا حسن جیسے جام میں شراب
تھوڑا تھوڑا ہے وہی اثر۔ دوار دل کا کھل گیا
ہاتھی نکل گیا۔ دُم رہ گئی مگر۔

ختم شد۔

فلم میں بھرتی ہونے سے پیشتر اپنے آپکو ایکٹر بنا لینا ضروری ہے

فلم ایکٹنگ گائیڈ کا مطالعہ کیجیے۔

اس کتاب میں ایکٹر بننے کے طریقے درج کیے گئے ہیں۔ ایکٹنگ کیا ہے اور کیسے کیا جاتا ہے۔ ایکٹر بننے اور بھرتی ہونے کے لیے کیا کیا ہونا ضروری ہے۔ تمام باتیں آسان اُردو میں لکھی گئی ہیں۔ آخر میں تمام مشہور فلم کمپنیوں کے پتے ایکٹروں اور ایکٹرسوں کے حالات نیز پرائیویٹ پتہ بھی درج کر دیے گئے ہیں تاکہ ہر شخص کو خط و کتابت کرنے میں آسانی ہو۔ قیمت صرف -/2 محصولڈاک معاف۔

بغیر اُستاد کے چند دنوں میں ہارمونیم سکھلانے والی کتاب

فلمی ہارمونیم گائیڈ

موجودہ زمانے میں جتنا ہارمونیم کو پسند کرتے ہیں کسی دوسری چیز کو نہیں اور پھر فلمی گانوں پر بجانا بہت ہی پسند کرتے ہیں اسلئے قابل مصنف نے اس کے اندر تمام سُر اور گانے جمع کئے ہیں قیمت صرف -/1/8 محصولڈاک معاف۔

ملنے کا پتہ:-

رتن اینڈ کو تاجران کتب دریبہ کلاں دہلی۔